احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کیلئے

بدھ 19 جنوری 2009ء

روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

بدھ 14 جنوری 2009ء 16 محرم 1430 ہجری 14 صلح 1388 ہش جلد 59-94 نمبر 10

بنت رسولؐ کی تکفین

حضرت ام عطیہؓ بیان کرتی ہیں کہ جب رسول اللہ ﷺ کی بیٹی فوت ہوئیں تو آپ نے ہمیں بتایا کہ اس کو تین بار یا پانچ بار پانی اور بیری کے پتوں سے نہلاؤ یا اس سے زیادہ بار اگر تم مناسب سمجھو اور آخری بار میں کافور ڈال دینا۔ جب ہم فارغ ہوئیں تو آپؐ نے اپنا تہہ بند ہمیں دیا اور فرمایا یہ اس پر لپیٹ دو۔

(صحیح بخاری کتاب الجنائز باب غسل المیت حدیث نمبر:1175)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

موت آنے والی ہے اس سے کسی کو چارہ نہیں۔ یقیناً سمجھو کہ اس پیالہ کے پینے سے کوئی نہیں بچ سکتا۔ خدا تعالیٰ کے تمام برگزیدہ بندوں اور انبیاء و رسل کو بھی اس راہ سے گزرنا پڑا تو اور کون ہے جو بچ جاوے۔ حکیم اور فلاسفر جو سخت دل ہوتے ہیں ان کو بھی یہ بات سوجھ گئی ہے اور انہوں نے اعتراف کیا بلکہ موت کو ضروری سمجھا ہے۔ انہوں نے دیکھا کہ زمین تو ربع مسکون ہے اور اس میں بہت ہی تھوڑا حصہ آباد ہے۔ اگر وہ تمام لوگ جو ابتدائے آفرینش سے پیدا ہوئے ابتک زندہ رہتے تو ان کے رہنے کو کوئی جگہ اور مقام نہ ملتا۔ یہاں تک کہ وہ کھڑے بھی نہ ہو سکتے۔ پس اس قدر کثرت خود چاہتی ہے کہ موت ہو تا کہ پہلے چلے جاویں تو دوسروں کے لئے جگہ ہو موت کو یہ ہرگز نہیں سمجھنا چاہئے کہ مر کر انسان بالکل گم ہو جاتا ہے نہیں بلکہ اس کی مثال ایسی ہے جیسے ایک کوٹھڑی سے نکل کر انسان دوسری کوٹھڑی میں چلا جاتا ہے۔ اس کی حقیقت کسی قدر خواب سے سمجھ میں آسکتی ہے کیونکہ خواب بھی گویا ہمشیرۂ موت ہے۔ خواب میں بھی ایک قسم کا قبض روح ہی ہوتا ہے۔ دوسروں کے خیال میں جو سونے والے کے پاس بیٹھے ہیں وہ بالکل بے خبری اور محویت کے عالم میں ہیں۔ لیکن خواب دیکھنے والا معاً دوسرے عالم میں ہوتا ہے۔ اور وہ سیاحت کر رہا ہوتا ہے۔ اب بظاہر اس کے حواس اور قویٰ سب معطل ہوتے ہیں۔ لیکن سونے والا اور خواب دیکھنے والا خوب جانتا ہے کہ اس کے حواس اور قویٰ سب کام میں لگے ہوئے ہیں۔ اسی طرح پر مرنے والا موت کے بعد اپنے آپ کو معاً دوسرے عالم میں دیکھتا ہے۔ ہاں یہ سچ ہے کہ جب موت آتی ہے تو وہ شخص جس نے اپنی عمر عزیز کو دنیا کے حصول میں ہی ضائع کر دیا اور اللہ تعالیٰ کے ساتھ سچا تعلق پیدا نہیں کیا تھا۔ وہ چونکہ ابھی بہت سے کاموں کو ناتمام اور ادھورا پاتا ہے۔ اس لئے اس پر حسرت اور افسوس کا استیلاء ہو جاتا ہے اور وہ موت اسے تلخ گھونٹ معلوم ہوتی ہے۔ اس سے صاف پایا جاتا ہے کہ انسان دلبستگی پیدا نہ کرے اور اپنے اوقات کو ضائع نہ کرے۔ ہر لحظہ کو غنیمت سمجھ کر اور یقین کر کے کہ شاید ابھی موت آجاوے مرنے کے واسطے تیار رہنا چاہئے۔ جب اس تیاری کی فکر دامنگیر رہے گی تو اس کا اثر یہ ہوگا کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ انسان اپنے تعلقات کو بڑھائے گا اور اس دوسرے جہان میں آرام پانے کا خیال کرے گا۔

یہ خوب یاد رکھو کہ دنیا آخرت کی کھیتی ہے۔ جیسے زمیندار اپنی فصل کی حفاظت کرتا ہے اور اس کے لئے ہر قسم کے دکھ اور تکالیف اٹھاتا ہے۔ اسی طرح پر مومن کو اس کی حفاظت کے لئے کرنا چاہئے۔ تاکہ دوسرے جہاں میں آرام پاوے۔ اگر اب بے پروائی کرے گا اور وقت کی قدر نہیں کرے گا تو پھر اس کو اس وقت سخت افسوس اور حسرت ہوگی۔ جب اس جہان سے رخصت ہو کر دوسرے عالم میں جانا پڑے گا اور وہاں اس کے لئے بجز دکھ اور درد کے اور کیا ہوگا؟ اس دنیا میں وہ اس دنیا کے ہم وغم میں مبتلا رہا اور اس عالم میں اس ہم وغم کے نتائج ہیں۔

(ملفوظات جلد چہارم ص 393)

عائلی زندگی کے متعلق حضور انور ایدہ اللہ کے خطبات بطور نشر مکرر

❁ مجلس شوریٰ پاکستان 2008ء کی سفارشات کی روشنی میں معاشرہ میں احمدی گھرانوں کو جنت نظیر بنانے کے لئے سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کے عائلی زندگی کے متعلق فرمودہ خطبات درج ذیل شیڈیول اور پاکستانی وقت کے مطابق ایم ٹی اے پر نشر ہو رہے ہیں۔ احباب اس سے استفادہ فرمائیں۔

ہر ہفتہ 12:00 بجے دن اور 9:30 بجے رات
ہر اتوار 4:30 بجے شام اور 10:15 بجے رات
ہر سوموار 3:15 بجے صبح

(ناظر اصلاح وارشاد مرکزیہ)

داخلہ کمپیوٹر کورس

❁ مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کے زیر اہتمام مندرجہ ذیل کورس کا اجراء کیا جا رہا ہے۔ داخلہ کے خواہش مند خدام اپنی درخواستیں دفتر مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان میں جمع کروا دیں۔ داخلہ فارم دفتر سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔ کلاسز کا آغاز 15 جنوری 2009ء سے ہوگا۔

کمپیوٹر انٹروڈکشن
ونڈوز بیسکس، ایم ایس آفس، ان پیج
دورانیہ 1 ماہ فیس کورس 1000 روپے

(انچارج طاہر کمپیوٹر انسٹیٹیوٹ ربوہ)

ماہر امراض جلد کی آمد

❁ مکرم ڈاکٹر عبدالرفیق سمیع صاحب ماہر امراض جلد مورخہ 18 جنوری 2009ء کو ایڈمنسٹریشن بلاک فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ ضرورت منداحباب وخواتین استفادہ کے لئے تشریف لائیں اور پرچی روم سے اپنی رجسٹریشن کروالیں۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

ایم ٹی اے انٹرنیشنل کے پروگرام

15 جنوری 2009ء

12-30 am لقاء مع العرب
1-35 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-05 am گلشن وقف نو
3-05 am تقریر جلسہ سالانہ
3-35 am آرٹ کلاس
3-55 am تقریر جلسہ سالانہ
5-00 am تلاوت، خبریں
5-40 am ہماری کائنات
6-05 am لقاء مع العرب
7-10 am خطبہ جمعہ
8-00 am آرٹ کلاس
8-20 am سپاٹ لائیٹ
8-40 am لجنہ میگزین
9-35 am سیرت صحابہ رسول صلی اللہ علیہ وسلم
11-05 am تلاوت، درس، خبریں
12-10 pm چلڈرن کلاس
1-10 pm ملاقات پروگرام
2-20 pm دورہ حضور انور
3-25 pm انڈونیشین سروس
4-15 pm پشتو سروس
5-00 pm تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
6-00 pm بنگلہ پروگرام
7-00 pm ترجمۃ القرآن
8-00 pm دورہ حضور انور
8-50 pm ملاقات پروگرام
9-50 pm مشاعرہ
10-30 pm سپاٹ لائیٹ
11-30 pm عربی سروس

16 جنوری 2009ء

1-35 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-05 am ترجمۃ القرآن
3-10 am سپاٹ لائیٹ
4-05 am چلڈرن کلاس
5-00 am تلاوت، درس ملفوظات، خبریں
6-10 am المائدہ
6-20 am لقاء مع العرب
7-20 am دورہ حضور انور غانا
8-20 am ترجمۃ القرآن
9-20 am سپاٹ لائیٹ
10-20 am مشاعرہ
11-05 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-05 pm گلشن وقف نو
1-05 pm فرنچ سروس
1-40 pm سرائیکی سروس
2-25 pm ملاقات
3-30 pm انڈونیشین سروس
4-30 pm سیرت صحابہ رسول اللہ ﷺ
5-05 pm تلاوت، خبریں
6-00 pm خطبہ جمعہ براہ راست
7-15 pm درس حدیث
7-25 pm مباحثہ
8-20 pm سیرت صحابہ رسول اللہ ﷺ
9-20 pm خطبہ جمعہ
10-15 pm سپاٹ لائیٹ
11-30 pm عربی سروس

17 جنوری 2009ء

1-35 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-10 am خطبہ جمعہ
3-20 am ڈاکومنٹری پروگرام
4-05 am ملاقات
5-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-25 am فرنچ پروگرام
6-55 am لقاء مع العرب
8-15 am خطبہ جمعہ
9-30 am سپاٹ لائیٹ
10-15 am ڈاکومنٹری پروگرام
11-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-10 pm گلشن وقف نو
1-15 pm رفقاء احمد
1-45 pm خطبہ جمعہ
2-45 pm آرٹ کلاس
3-10 pm انڈونیشین سروس
4-10 pm ڈاکومنٹری پروگرام
4-35 pm رفقاء احمد
5-05 pm تلاوت، خبریں
6-00 pm بنگلہ ورائٹی پروگرام
7-00 pm انتخاب سخن
8-00 pm بستان وقف نو
9-15 pm مشاعرہ
10-00 pm سوال و جواب
10-55 pm رفقاء احمد
11-30 pm عربی سروس

18 جنوری 2009ء

1-35 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-05 am بستان وقف نو
3-15 am مشاعرہ
4-00 am خطبہ جمعہ
5-05 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-30 am لقاء مع العرب
7-30 am رفقاء احمد
8-00 am خطبہ جمعہ
9-00 am مشاعرہ
9-45 am سوال و جواب
10-30 am آرٹ کلاس
11-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-10 pm گلشن وقف نو
1-30 pm سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
1-55 pm عربی سیکھئے
2-15 pm دورہ حضور انور
3-00 pm انڈونیشین سروس
4-10 pm سپینش پروگرام
5-00 pm تلاوت، خبریں
5-55 pm بنگلہ پروگرام
7-00 pm خطبہ جمعہ
8-00 pm چلڈرنز کلاس
9-35 pm سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
10-00 pm عربی سیکھئے
10-15 pm سوال و جواب
11-30 pm عربی سروس

19 جنوری 2009ء

1-35 am ایم۔ٹی۔اے بین الاقوامی خبریں
2-10 am چلڈرن کلاس
3-30 am دورہ حضور انور
4-30 am سیرت النبی ﷺ
5-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
6-05 am سفر بذریعہ ایم۔ٹی۔اے
7-50 am خطبہ جمعہ
9-00 am عربی سیکھئے
9-20 m سوال و جواب
10-35 am سیرت النبی ﷺ
11-00 am تلاوت، درس حدیث، خبریں
12-00 pm گلشن وقف نو
1-00 pm فرنچ پروگرام
1-25 pm تقریر جلسہ سالانہ
2-00 pm فرنچ سروس
3-00 pm انڈونیشین سروس
4-15 pm طب و صحت
5-00 pm تلاوت، خبریں
6-00 pm بنگلہ پروگرام
7-00 pm خطبہ جمعہ
8-00 pm سپاٹ لائیٹ
8-55 pm طب و صحت
9-25 pm گلشن وقف نو
10-30 pm ملاقات پروگرام
11-30 pm عربی سروس

سانحہ ارتحال

❁ مکرم نصیب احمد صاحب معتمد مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان تحریر کرتے ہیں۔

خاکسار کے چچا مکرم محمد سلیم بٹ صاحب آف جرمنی کی بیٹی مکرمہ زیب النساء بٹ صاحبہ مورخہ 9 جنوری 2009ء کو 22 سال کی عمر میں بقضائے الٰہی وفات پا گئیں۔ خاکسار کے چچا اپنی فیملی سمیت پاکستان میں اسی بچی کی شادی کی تیاری کے سلسلہ میں پاکستان آئے ہوئے تھے۔ مورخہ 9 جنوری 2009ء کو بعد نماز عصر رحمٰن آباد فیصل آباد میں مکرم شیخ کامران احمد صاحب مربی سلسلہ نے نماز جنازہ پڑھائی بعد ازاں جنازہ ربوہ لایا گیا۔ مرحومہ مکرم عمران احمد صاحب سابق کارکن خدمت درویشاں کی منکوحہ تھیں۔ مکرم عمران احمد صاحب کے جرمنی سے ربوہ آنے پر مورخہ 10 جنوری 2009ء کو مرحومہ کی نماز جنازہ بیت المبارک ربوہ میں مکرم حافظ مظفر احمد صاحب ایڈیشنل ناظر اصلاح وارشاد مقامی نے پڑھائی اور قبر تیار ہونے پر مکرم مولانا سلطان محمود انور صاحب ناظر خدمت درویشاں ربوہ نے دعا کروائی۔ مرحومہ بہت ملنسار اور ہر دلعزیز تھیں۔ پاکستان آنے سے قبل اپنے وصیت کے تمام واجبات خود ادا کر کے آئیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات بلند کرے اور اعلیٰ علیین میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے اور والدین اور بہن بھائیوں کو صدمہ برداشت کرنے کی ہمت عطا کرے۔ آمین

اعلان داخلہ

❁ یونیورسٹی آف مینجمنٹ اینڈ ٹیکنالوجی لاہور نے درج ذیل فیلڈز میں داخلہ کا اعلان کیا ہے۔ (i) سکول آف بزنس اینڈ اکنامکس (ii) سکول آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی (iii) سکول آف سوشل سائنسز اینڈ ہیومنیٹیز (iv) انسٹیٹیوٹ آف آڈٹ اینڈ اکاؤنٹنسی

درخواست فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 15 جنوری 2009ء ہے مزید معلومات کیلئے www.umt.edu.pk ملاحظہ کریں۔

(نظارت تعلیم)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دار النصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ برطانیہ 2008ء

5 جماعتوں کا دورہ، سکنتھورپ میں خطبہ جمعہ ۔ بریڈ فورڈ میں بیت المہدی کا افتتاح

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

(قسط دوم آخر)

عشائیہ

8 نومبر 2008ء کی شام بیت العافیت کے افتتاح کے تعلق میں ایک تقریب عشائیہ (Reception) کا اہتمام کیا گیا تھا۔ اس تقریب میں شامل ہونے والے مہمانوں میں شیفیلڈ کی لارڈ میئر، ممبر آف پارلیمنٹ، کونسلرز، چرچ لیڈرز، چیف ایگزیکٹو آف ہاؤسنگ اینڈ کونسل، سٹاف آف سوشل سروسز اور ممبر آف Religous Advisory Panel BBC Radio اور ڈاکٹرز، وکلاء اور زندگی کے دوسرے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے احباب شامل تھے۔

اس تقریب کا آغاز شام سات بجے تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو احسان الحق عادل صاحب نے پیش کی اور اس کا انگریزی ترجمہ ڈاکٹر ندیم احمد صاحب نے پیش کیا۔

اس کے بعد صدر جماعت شیفیلڈ مکرم سید محسن عباس رضوی صاحب نے جماعت احمدیہ شیفیلڈ کے قیام کی مختصر تاریخ بیان کی۔ بعد ازاں مکرم امیر صاحب یوکے جماعت کے تعارف پر مشتمل اپنا ایڈریس پیش کیا۔

امیر صاحب یوکے کے ایڈریس کے بعد لارڈ میئر کونسلر مسز چین برڈ نے اپنا ایڈریس پیش کرتے ہوئے جماعت کے رفاہ عامہ اور خدمت خلق کے کاموں کو سراہا۔ موصوفہ نے کہا کہ انہیں شیفیلڈ جیسے شہر میں رہنے پر فخر ہے جہاں مختلف مذاہب اور کلچر کے لوگ ایک دوسرے کے ساتھ مل جل کر رہتے ہیں اور ایک دوسرے کی عزت کرتے ہیں۔

بعد ازاں مجلس کے علاقہ سے تعلق رکھنے والے ممبر پارلیمنٹ رچرڈ کے بورن نے اپنے ایڈریس میں جماعت احمدیہ کے متعلق نہایت اچھے خیالات کا اظہار کیا اور بتایا کہ 22/ اکتوبر 2008ء کو ہاؤس آف پارلیمنٹ میں حضور انور کے خطاب سے وہاں موجود ممبرز آف پارلیمنٹ بے حد متاثر ہوئے تھے۔ انہوں نے اس بات پر بھی خوشی کا اظہار کیا کہ ان کا رابطہ ایک ایسی مذہبی جماعت سے ہوا ہے جن کا Moto محبت سب کے لئے نفرت کسی سے نہیں ہے۔

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے انگریزی زبان میں خطاب فرمایا۔

حضور انور کا خطاب

حضور انور نے تشہد و تعوذ کے بعد تمام مہمانوں کو خوش آمدید کہتے ہوئے ان کا شکریہ ادا کیا وہ اپنی مصروفیات کے باوجود وقت نکال کر اس تقریب میں شرکت کے لئے تشریف لائے۔

حضور انور نے فرمایا خدا کرے کہ آج کی یہ تقریب سب کے لئے باہمی پیار و محبت اور اعتماد کا باعث بنے۔ حضور انور نے فرمایا بانی جماعت احمدیہ حضرت مسیح موعود نے اس بات کے حصول کے لئے دو اصول بیان فرمائے ہیں۔ ایک یہ کہ لوگ خدا تعالیٰ کا قرب حاصل کریں۔ دوسرا یہ کہ بنی نوع انسان کی خدمت کرتے ہوئے ہمیشہ انصاف کا دامن تھامے رکھیں اور یہی تعلیمات جماعت کے نعرہ محبت سب سے نفرت کسی سے نہیں کی بنیاد ہیں۔

حضور انور نے فرمایا اگر قرآن مجید کی تعلیم پر عمل کیا جائے تو دنیا سے نفرت کا خاتمہ ہو جائے گا اور لوگ بلا خوف و خطر ایک دوسرے کے ساتھ مل کر امن کی زندگی گزاریں گے۔

سورۃ البقرہ کی آیت 257 لا اکراہ فی الدین کا حوالہ دیتے ہوئے حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے مذہب میں کوئی جبر نہیں رکھا اور ہر انسان اپنی مرضی سے کوئی بھی مذہب اختیار کر سکتا ہے اور ایسی صورت میں نفرت کی کوئی وجہ باقی نہیں رہ جاتی۔

اپنی مرضی سے کوئی بھی مذہب اختیار کر سکتا ہے اور ایسی صورت میں نفرت کی کوئی وجہ باقی نہیں رہ جاتی۔

حضور انور نے فرمایا۔ اس اصول کے تحت معاشرے میں امن قائم کرنے کی خاطر یہ بیت روشنی کا ایک مینار ثابت ہوگی۔ کیونکہ قرآن کریم نے ہی ہمیں حقیقی اخوت اور محبت کا ماحول پیدا کرنے کے طور طریقے سکھائے ہیں۔

حضور انور نے سورۃ النحل کی آیت 91 کے حوالہ سے بتایا کہ اس آیت میں زندگی گزارنے کے اطوار سکھائے گئے ہیں اور اس میں انصاف اور نیکی کی تعلیم دیتے ہوئے ہر ایک سے ایسا ہی سلوک کرنے کی تلقین کی گئی ہے جیسے وہ تمہاری اپنی ہی فیملی سے تعلق رکھتا ہو ہمیں اس سے یہ سبق ملتا ہے کہ ہمیں بے حیائی، برائی اور ناانصافی کو جڑ سے ختم کر دینا چاہئے۔

حضور انور نے فرمایا کہ دنیا ایک اور عالمگیر جنگ کی طرف قدم بڑھا رہی ہے اور اس تباہی سے بچنے کے لئے فوری اقدام کرنے کی ضرورت ہے۔ دنیا کے موجودہ حالات اس طرف اشارہ کر رہے ہیں کہ اگر پھر جنگ چھڑ گئی تو اس سے پوری دنیا متاثر ہوگی اور ہم اس تباہی کی طرف بڑی تیزی سے قدم بڑھا رہے ہیں۔

حضور انور نے فرمایا ہم دعا کرتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ انسان کو یہ توفیق دے کہ وہ اپنی ذمہ داریاں نبھاتے ہوئے اس کی مخلوق کو تباہی سے بچائے۔

خطاب کے بعد حضور انور نے دعا کروائی۔ دعا کے بعد حضور انور نے لارڈ میئر آف شیفیلڈ اور علاقہ کے ممبر آف پارلیمنٹ کو تحائف عطا فرمائے۔

لارڈ میئر شیفیلڈ نے حضور انور کی خدمت میں سٹی آف شیفیلڈ کی طرف سے شیلڈ کا تحفہ پیش کیا۔

کھانے کے بعد ساڑھے آٹھ بجے یہ تقریب اپنے اختتام کو پہنچی۔ آخر پر اس تقریب میں شامل ہونے والے مہمانوں نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے باری باری شرف ملاقات پایا۔ حضور انور نے ان سے گفتگو فرمائی۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے تمام مہمان نہایت عمدہ اور خوشگوار اثر لے کر گئے۔ اس تقریب میں ستر کے لگ بھگ مہمان حضرات شامل ہوئے۔

اس تقریب سے فارغ ہو کر پروگرام کے مطابق رات پونے نو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز واپس Scunthorpe تشریف لے گئے۔

سوا دس بجے رات حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی ڈاکٹر مظفر احمد صاحب صدر جماعت Scunthorpe کے گھر تشریف آوری ہوئی۔ حضور انور نے رات یہاں قیام فرمایا۔

شیفیلڈ

شیفیلڈ (Sheffield) انگلینڈ کا چوتھا بڑا شہر ہے جو نارتھ ایسٹ ریجن کی کاؤنٹی ساؤتھ یارک شائر میں واقع ہے یہ شہر ملک کے سب سے بڑے موٹروے M1 پر لندن سے 170 میل کے فاصلہ پر ہے۔ شیفیلڈ اپنی سٹیل پروڈکشن کی وجہ سے دنیا بھر میں مشہور ہے۔ اس کی آبادی پانچ لاکھ تیرہ ہزار نفوس پر مشتمل ہے۔

اس شہر میں جماعت کے قیام کا آغاز 1960ء سے ہوا۔ سال 1985ء میں یہاں باقاعدہ جماعت کا قیام عمل میں آیا اور اب 2006ء میں یہاں کی جماعت کو اپنا مرکز خریدنے کی توفیق ملی اور پھر یہاں بیت العافیت کی تعمیر کی توفیق ملی۔ اس بیت میں 2 بڑے ہال ہیں جن میں پانچصد سے زیادہ نمازیوں کی گنجائش ہے۔ بیت کے ایک حصہ میں رہائشی فلیٹ بھی ہے۔ اس کے علاوہ دفاتر بھی موجود ہیں اور جماعتی کچن اور باتھ روم اور وضو کرنے کی جگہیں بھی ہیں۔

بیت کے بیرونی احاطہ میں دس سے پندرہ گاڑیاں بھی پارک ہو سکتی ہیں۔ اللہ تعالیٰ اس بیت کا افتتاح انتہائی مبارک کرے اور سب کے لئے غیر معمولی برکتوں کا موجب بنائے۔

9 نومبر 2008ء

صبح چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے رہائشی حصہ میں تشریف لے گئے۔

لمنگٹن سپا میں آمد

آج پروگرام کے مطابق صبح ساڑھے دس بجے Scunthorpe سے Leamington Spa کے لئے روانگی تھی۔ سکنتھورپ سے لمنگٹن سپا کا فاصلہ 126 میل ہے۔

صبح سوا دس بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ سے باہر تشریف لائے اور کچھ دیر کے لئے مکرم ڈاکٹر ناصر احمد صاحب ابن جنرل نسیم صاحب مرحوم کے گھر تشریف لے گئے۔ ڈاکٹر ناصر احمد صاحب کا گھر ڈاکٹر مظفر احمد صدر جماعت سکنتھورپ جہاں حضور انور کا قیام تھا کے پڑوس میں واقع ہے۔

ساڑھے دس بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے دعا کروائی اور قافلہ سکنتھورپ سے لمنگٹن سپا کے لئے روانہ ہوا۔ روانگی کے بعد راستہ میں کچھ دیر کے لئے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز ازراہ شفقت ڈاکٹر مظفر چوہدری صاحب جنرل سیکرٹری جماعت سکنتھورپ اور ڈاکٹر مبارک احمد بجہ صاحب قائد خدام الاحمدیہ سکنتھورپ کے گھر بھی تشریف لے گئے۔ قریباً اڑھائی گھنٹے کے سفر کے بعد ڈیڑھ بجے کے قریب حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی بیت الاحسان لمنگٹن سپا تشریف آوری ہوئی۔ جہاں ریجنل امیر اور دیگر جماعتی عہدیداران نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کو خوش آمدید کہا اور شرف مصافحہ حاصل کیا۔ مقامی جماعت کے احباب مرد و خواتین نے اپنے پیارے آقا کا استقبال کیا۔ بچیوں نے استقبالیہ گیت پیش کئے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا۔ بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے جماعتی سنٹر بیت الاحسان کے بیرونی دیوار میں نصب تختی کی نقاب

کشائی فرمائی اور دعا کروائی۔

بیت الاحسان کا معائنہ

دعا کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ عمارت کے اندرونی حصہ میں تشریف لے گئے اور بیت الاحسان کا معائنہ فرمایا۔

Leamington Spa کا یہ شہر 45 ہزار نفوس پر مشتمل ہے اور اس شہر کے وسط میں بہنے والے دریا Leam نے اس شہر کو دو حصوں میں تقسیم کیا ہوا ہے۔ ایک حصہ نارتھ اور دوسرا ساؤتھ کہلاتا ہے۔ لندن سے اس شہر کا فاصلہ 97 میل ہے۔

لمنگٹن سپا میں جماعت کا قیام 1960ء میں عمل میں آیا۔ سال 2007ء میں اللہ تعالیٰ کے فضل سے جماعت کو یہ موجودہ عمارت دو لاکھ پچاس ہزار پاؤنڈ میں خریدنے کی توفیق ملی اور قریباً اسی ہزار پاؤنڈ کے مزید خرچ سے اسے نماز سنٹر میں تبدیل کیا گیا۔ اس نماز سنٹر میں دو صد نمازیوں کی گنجائش ہے۔ مردوں اور خواتین کے علیحدہ علیحدہ ہال ہیں۔ اس کے علاوہ دفاتر بھی ہیں اور رہائشی حصہ بھی ہے۔

یہ عمارت شہر کے سنٹرل ایریا میں Adelaid Road پر واقع ہے اور دریائے Leam کے کنارے پر ہے۔ یہاں سے دریائے Leam بہتا ہوا آگے جا کر Warwik کے علاقہ میں دریائے Avon میں جا ملتا ہے۔

بیت الاحسان کے معائنہ کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کچھ دیر کے لئے رہائشی حصہ میں تشریف لے گئے۔

دو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز مردانہ ہال میں تشریف لائے۔ جہاں پروگرام کے مطابق تعمیر بیت کمیٹی مجلس عاملہ لمنگٹن سپا، تعمیراتی ٹیم بیت الاحسان، ریجنل جماعتوں کے صدران، عاملہ اور جماعت لمنگٹن سپا کے ممبران نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ساتھ تصاویر بنوانے کی سعادت حاصل کی۔

بعد ازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے نمازیں ظہر و عصر جمع کر کے پڑھائیں۔

تقریب آمین اور ظہرانہ

بعد ازاں تقریب آمین ہوئی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت دو بچوں عزیزم فرید چوہدری اور عزیزہ قدسیہ شاہد سے قرآن کریم کا کچھ حصہ سنا اور آخر پر دعا کروائی۔

تقریب آمین کے بعد تمام احباب نے پیارے آقا سے شرف مصافحہ حاصل کیا۔ اس موقع پر اس ریجن کی جماعتوں برمنگھم ایسٹ، برمنگھم ویسٹ، Walsall، Coventry Nottingham، Leicester، Wolverhahpton سے آنے والے صدران جماعت اور نمائندگان نے بھی حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ سے مصافحہ کی سعادت پائی۔

حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت بچوں کو چاکلیٹ عطا فرمائے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے اعزاز میں تقریب ظہرانہ کا انتظام بیت الاحسان کے بیرونی احاطہ میں مارکی لگا کر کیا گیا تھا۔ لمنگٹن سپا جماعت کے تمام ممبران اور دیگر جماعتوں سے آنے والے مہمان بھی اس تقریب میں شامل ہوئے۔

کھانا شروع ہونے سے قبل حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی اجازت سے مکرم آدم چغتائی صاحب نے خلافت جوبلی کے حوالہ سے ایک نظم پیش کی۔ دوپہر کے کھانے کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے دعا کروائی اور کچھ دیر کے لئے لجنہ کے ہال میں تشریف لے گئے۔ جہاں بچیوں نے دعائیہ نظمیں اور ترانے پیش کئے اور خواتین نے شرف زیارت حاصل کیا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے ازراہ شفقت بچیوں کو چاکلیٹ عطا فرمائیں۔

لندن واپسی

بعد ازاں پروگرام کے مطابق لمنگٹن سپا سے واپس لندن کے لئے روانگی تھی۔ ساڑھے تین بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت الاحسان سے باہر تشریف لائے۔ تمام احباب مرد و خواتین اور بچے حضور انور کو الوداع کہنے کے لئے مشن ہاؤس سے باہر کھلے احاطہ میں جمع تھے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اجتماعی دعا کروائی اور اپنا ہاتھ بلند کر کے سب کو السلام علیکم کہا اور قافلہ لندن کے لئے روانہ ہوا۔ دوران سفر مسلسل بارش ہوتی رہی جس کی وجہ سے گاڑیوں کی رفتار معمول سے کم رہی۔ قریباً ساڑھے چھ بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی بیت الفضل لندن تشریف آوری ہوئی۔ بیت فضل کے بیرونی احاطہ میں احباب جماعت مرد و خواتین حضور انور کو خوش آمدید کہنے کے لئے موجود تھے۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے اپنا ہاتھ بلند کر کے ان سب احباب کو السلام علیکم کہا اور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔ اس طرح یو۔ کے کی پانچ جماعتوں کا یہ انتہائی مبارک سفر اللہ تعالیٰ کے بے انتہا فضلوں اور برکات کو سمیٹتے ہوئے اپنے انتہائی کامیاب اختتام پر پہنچا اور یہ جماعتیں جہاں ترقیات کے نئے ادوار میں داخل ہوئیں وہاں احمدی احباب کے ایمانوں کو جلاء ملی۔ ایک نئی روحانی زندگی عطا ہوئی۔ انہوں نے اخلاص و وفا میں ترقی کی۔ بیوت نمازیوں سے بھر گئیں اور ان میں نیا عزم، ولولہ اور جوش پیدا ہوا اور یہی وہ امور ہیں جو الٰہی جماعتوں میں انقلاب لایا کرتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان مبارک گھڑیوں کو دوام بخشے اور یہ سعادتیں ہمیشہ کے لئے ہماری زندگیوں کا حصہ بن جائیں اور جہاں ہم ان سے فیض یاب ہوں وہاں ہماری آئندہ آنے والی نسلیں بھی ان سے حصہ پائیں اور کامیابیاں ہمارا مقدر رہوں۔ آمین

☆☆☆☆☆☆☆☆☆

تجدیدِ عہد

کئے ہیں تجھ سے جو عہد و پیماں ہمارے دل میں جواں رہیں گے
زمانہ کتنے ستم ہی ڈھائے ترے رہیں گے جہاں رہیں گے

چراغ ہم نے لہو سے اپنے قدم قدم پہ جلا دیئے ہیں
جنوں کے صحرا میں کہکشاں سے ان آبلوں کے نشاں رہیں گے

کبھی جو مقتل بھی راہ میں تھا نہ ہم رکے تھے نہ رک سکیں گے
یہ حق پرستوں کے قافلے ہیں یہ سوئے منزل رواں رہیں گے

قسم ہے تیری اے جانِ جاناں یہ جاں امانت ترے لئے ہے
ابھی چکا دے یہ قرض جاں کا نہ جانے کل تک کہاں رہیں گے

ہماری چاہت نہ چھپ سکی ہے ہمارے جذبے نہ چھپ سکیں گے
جو ضبطِ غم سے نہ لب ہلیں گے تو اشک بن کر عیاں رہیں گے

پروفیسر کرامت راجؔ

کاش ہوتا کبھی ......

ساری دنیا کو تفاخر سے بتانا رشتہ
توڑ سکتا نہیں مہدی سے زمانہ رشتہ
چار پشتوں سے تعلق ہے مگر حسرت ہے
کاش ہوتا کبھی اس سے بھی پرانا رشتہ

عبدالکریم قدسیؔ

مکرم محمد طارق محمود صاحب

دین حق میں شادی بیاہ کی حقیقت

دینی تعلیمات کے مطابق کی گئی شادی روحانی ترقی کا باعث ہوتی ہے

اللہ تعالیٰ نے اس عالم آب وگل کو ایک معین مدت کے لئے پیدا فرمایا ہے اور نظام عالم کی بقا بنی نوع انسان کی بقاء سے وابستہ ہے اور نوع انسانی کی بقاء بیاہ، شادی، نکاح اور اس کے نتیجے میں پیدا ہونے والی نیک اولاد اور افزائش نسل پر موقوف ہے۔ اس لئے احمدی معاشرہ میں شادی بیاہ سے متعلق فیصلے کرتے وقت خدا تعالیٰ کے احکامات اور حضرت اقدس محمد مصطفیٰ ﷺ کے ارشادات اور نصائح اور حضرت مسیح موعود کے فرمودات کو مدنظر رکھنا ہے۔ کیونکہ زندگی کی بقا کے ساتھ اس کو خوشگوار بنانے کے لئے بھی نیکی، تقویٰ اور دینداری ضروری ہے اور یہی نقطہ کامیاب ازدواجی زندگی کا راز ہے۔

دین حق، دین فطرت ہے۔ اسی لئے اس کے احکامات عین فطرت کے مطابق ہیں جو انسان کی بھلائی اور فائدہ کے لئے ہیں۔ نکاح بھی انہیں احکامات میں سے ایک حکم ہے۔ نکاح کے نتیجے میں مومن کا آدھا دین مکمل ہوتا ہے۔ نکاح کے نتیجہ میں اس کے اوپر ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں۔ وہ حقوق و فرائض ادا کرنے والا بنتا ہے۔ نکاح کی بدولت تقویٰ نصیب ہوتا ہے۔ آنکھوں میں حیا اور دل میں نیک سوچ پیدا ہوتی ہے۔ افزائش نسل کا بھی ذریعہ ہے۔ اسی لئے قرآن کریم میں پوشیدہ دوستیاں لگانے، زبردستی نکاح کرنے اور مشرکہ عورتوں سے شادی کرنے سے منع کیا گیا ہے۔

چونکہ شادی تو تعاون، ہمدردی، ایک دوسرے کے لئے قربانی کا نام ہے۔ اسی لئے نیک اور صالح جوڑے بنانے کا حکم دیا گیا ہے۔

بعض لوگ خاص طور پر یورپین لوگ بار بار دین حق کو تنقید کا نشانہ بناتے ہیں کہ دین حق میں عورتوں کے ساتھ زبردستی کی جاتی ہے اور ان کی مرضی کے خلاف یا چھوٹی عمر میں والدین اپنے فیصلے ٹھونستے ہیں اور عورتیں خود اپنا شریک حیات تلاش نہیں کرتیں۔

سوال یہ ہے کہ یورپ نے جو مادر پدر آزاد معاشرہ پیدا کیا ہے وہاں کونسی اخلاقی اور روحانی اور معاشرتی قدر باقی رہ گئی ہے۔ جس کو وہ اپنے لئے اور دوسروں کے لئے طرۂ امتیاز سمجھتے ہیں۔ انہوں نے تو تہذیب کی دھجیاں اڑا کر رکھ دی ہیں اور جوڑوں میں انتخاب اور پارٹنر آف لائف تلاش کرتے کرتے ہر اخلاقی قدر کو پامال کر دیا ہے جبکہ دین حق یہ فیصلے کرتے وقت جذبات کی رو میں بہہ کر انتخاب کرنے کو اہمیت نہیں دیتا۔ کیونکہ بچے اور بچیاں جوانی کی عمر میں جذباتی ہوتے ہیں۔ وہ اپنے فیصلے کرتے وقت عقل و شعور سے کام نہیں لیتے بلکہ وقتی فیصلے کر لیتے ہیں۔ اس لئے والدین یا تجربہ کار لوگ عقل و دانش کی روشنی میں اپنے بچوں کے مستقبل کو سامنے رکھ کر زندگیوں کے ساتھی جانچ پرکھ اور دعا کے بعد مشورہ کرکے فیصلے کرتے ہیں۔

دین حق نے قطعاً جبراً شادی کا حکم نہیں دیا۔ بلکہ سختی سے اس کی ممانعت کی ہے۔ ایک حدیث میں آتا ہے کہ آنحضور ﷺ نے جبراً اور عورت کی مرضی کے خلاف کئے گئے نکاح کو فسخ قرار دیا۔ اس سے پتہ چلتا ہے کہ دین حق میں جبراً طے کئے گئے رشتہ کی کوئی حیثیت نہیں اور یہ تقویٰ کے بھی خلاف ہے۔

(ابن ماجہ کتاب النکاح)

ایک اور روایت میں آتا ہے حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضور ﷺ نے فرمایا:۔

بیوہ عورت کا نکاح اس وقت تک نہ کیا جائے جب تک اس کی اجازت نہ لی جائے اور کنواری عورت کا نکاح بھی اس کی اجازت کے بغیر نہ کیا جائے۔ (ابن ماجہ)

دین حق کلیۃً جبر کی ممانعت کرتا ہے۔ قرآن میں اللہ تعالیٰ فرماتا ہے۔ اگر تیرا رب چاہتا تو جو بھی زمین میں بستے ہیں سب کے سب ایمان لے آتے۔ تو کیا تو لوگوں کو مجبور کر سکتا ہے حتیٰ کہ وہ ایمان لانے والے ہو جائیں۔ (سورۃ یونس آیت 100)

اس سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر دین کے معاملہ میں جبر منع ہے تو یہ کیسے ممکن ہے کہ نکاح یا رشتہ کرتے وقت دین کے حکم کے خلاف جبر کی اجازت ہو۔ جبکہ نکاح نصف ایمان ہے اور جبر سے کی گئی شادی میں مودّت، محبت اور پیار پیدا ہی نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ شادی کا اصل مقصد پیار و محبت کے ذریعے تسکین حاصل کرنا ہے۔ (سورۃ الروم آیت 22)

بشرطیکہ شادی عورت اور مرد کی رضامندی سے کی گئی ہو۔ ورنہ آپس میں پیار و محبت تو درکنار ہم آہنگی بھی پیدا نہیں ہو سکتی۔

پھر آنحضرت ﷺ نے اجازت دی کہ شادی سے پہلے ہونے والی رفیقہ حیات کو ایک نظر دیکھ لینا چاہئے تاکہ دونوں کے دلوں میں ایک دوسرے کے لئے محبت پیدا ہو جائے اس سے بھی ہمیں یہ پتہ چلتا ہے کہ رشتہ کی بنیاد باہمی رضامندی اور اُنس پر رکھنی چاہئے۔

اس اجازت کا کوئی ہرگز یہ مطلب نہ لے کہ انتخاب کرنے کے بہانے ہوٹلوں، کلبوں اور جائنٹ پارٹیوں میں شامل ہونا شروع کر دے۔ یہ بات غلط نتائج اور خلفشار کے علاوہ بے حیائی کے زمرہ میں شامل ہو جاتی ہے۔

دین حق میں پردہ کا نظام اصل میں ظاہری حسن یا کشش پہ جذبات کی رو میں بہہ کر فدا ہونے سے روکتا ہے جو کہ ایک عارضی جذباتی حالت ہے۔ شادی کا اصل مقصد شریک حیات کو پانا ہے۔ نائٹ کلبز اور پارٹیز شریک حیات کی تلاش کے لئے غیر مناسب مقامات ہیں کیونکہ وہاں صرف ظاہری حسن کو مدنظر رکھ کر دوستانہ اور وقتی تعلقات پیدا کئے جا سکتے ہیں۔ اس کے برعکس دین حق کے طریقہ سے طے کئے گئے رشتے دیرپا اور امن و سکون کا باعث بنتے ہیں۔ جیون ساتھی کے بار بار تبدیل ہونے کی وجہ سے انسان کی جذباتی کیفیت متاثر ہوتی ہے جو کہ انسان کی روحانی ترقی میں رکاوٹ اور معاشرہ میں بدامنی اور بے چینی کا باعث بنتی ہے اور دینی تعلیمات کے مطابق کی گئی شادی انسان کی اخلاقی اور روحانی ترقی کا باعث اور گھروں کو امن اور جنت کا گہوارہ بنانے کا باعث بنتی ہے۔ دین حق کے احکامات کے مطابق کی گئی شادی کا ایک فائدہ یہ بھی ہے کہ دونوں فریقین اس تصور سے شادی کرتے ہیں کہ انہوں نے اس رشتہ کو تاحیات قائم رکھنا ہے اور اس کے لئے ہر قسم کی قربانی دینے کے لئے تیار رہنا ہے۔

مغربی مفکرین کا ارینجڈ میرج کے بارے میں اظہار خیال

امریکی ماہر نفسیات Robert Epstein ایک گہری تحقیق کے بعد اس نتیجہ پہ پہنچے ہیں کہ طے کئے گئے رشتے (Arranged Marriage) لمبے عرصہ تک قائم رہتے ہیں کیونکہ ان کو طے کرتے وقت جذبات سے زیادہ شعور سے کام لیا جاتا ہے جس کی وجہ سے خوشحال زندگی کے امکانات بڑھ جاتے ہیں۔ ارینجڈ شادیاں شاید اسی لئے بھی لمبا عرصہ قائم رہتی ہیں کیونکہ اس میں دونوں فریقین (لڑکی اور لڑکا) اسلوب محبت سیکھتے ہیں جو کہ وقت کے ساتھ ساتھ گہرے ہوتے جاتے ہیں۔ Epstein نے ایسے رشتوں پر بھی تحقیق کی ہے جو کہ پانچ سال سے قائم تھے اور وہ اس نتیجے پر پہنچے کہ طے شدہ رشتے، پسند کے رشتوں (Love marriage) کی نسبت زیادہ مضبوط اور خوشحال ہوتے ہیں۔ علاوہ ازیں دنیا بھر میں طے شدہ شادیوں کی شرح طلاق پسند کی شادیوں کی نسبت بہت کم ہے۔

(Interview im Chrismon 7/2003)

دوسری تحقیقات سے یہ بات بھی سامنے آئی ہے کہ وہ جوڑے جو اپنی ازدواجی زندگی کا آغاز ہالی وڈ (Hollywood) یا بالی وڈ (Bollywood) کی فلموں سے متاثر ہو کر رومینٹک انداز میں کرتے ہیں وہ بعد میں حقیقی زندگی سے لاتعلق ہو جاتے ہیں اور ان میں شرح طلاق بڑھ جاتی ہے۔

(Pair Project, Ted Huston, Universitat Texas)

ڈاکٹر Gaby StraBburger نے بھی ایک تحقیق کی جس میں وہ اس نتیجہ پر پہنچی ہیں کہ طے شدہ شادی میں اور جبراً طے شدہ شادی میں فرق ہے۔ وہ کہتی ہیں کہ طاقت کے غلط استعمال کی وجہ انسان کی نفسیات اور باہمی تعلقات میں تلاش کرنی چاہئے نہ کہ طے شدہ شادیوں کے نظام میں، جیسا کہ اکثر کیا جاتا ہے۔

ایک مصنف Mark Terkessidis اس موضوع پر گفتگو کرتے ہوئے کہتے ہیں۔ طے شدہ شادی ایک عمل (Procedure) ہے جس کے بہت سارے اصول ہیں جس میں لڑکے اور لڑکی کی رضامندی کا سوال بھی شامل ہے میرا مطلب ہے کہ ہمارے یہاں دوستانہ تعلقات بنانے کے لئے مختلف ذرائع ہیں مثلاً Speed Dating (مختصر ملاقاتیں)، پارٹیز اور اخباری اشتہارات وغیرہ۔ طے شدہ شادی بھی اسی طرح کے رابطہ کا ذریعہ ہے۔

(Die Welt 8.02.2006)

طے شدہ شادی اور زبردستی کی گئی شادی میں تفریق کرنا چاہئے۔ طے شدہ شادی میں رشتہ دار، اقربا اور دوست کسی کو رفیق حیات کا مشورہ دیتے ہیں کیونکہ وہ سمجھتے ہیں کہ یہ دونوں (لڑکی اور لڑکا) ایک دوسرے کے لئے مناسب ہیں۔ دونوں کو ایک دوسرے کو جاننے کا موقع ملتا ہے، بغیر اس کے کہ پردہ کی روح کو مجروح کیا جائے۔

سائنس نے یہ بات ثابت کی ہے کہ انسان ظاہری کشش پر ردعمل کرتا ہے جس کے عملی نتیجہ میں جسم میں مخصوص ہارمونز (Hormones) بنتے ہیں جو کہ انسانی شعور میں خلل ڈالتے ہیں۔ اس لئے مناسب ہے کہ ساتھی کے انتخاب میں والدین بھی شامل ہوں کیونکہ وہ جذباتی احساسات سے متاثر نہیں ہوتے بلکہ عقلی دلیل کے ساتھ مشورہ دے سکتے ہیں۔

چونکہ رفیق حیات کو انسان اکیلے ہی نہیں منتخب کرتا بلکہ فیملی کے باہمی مشورہ اور دعاؤں کے ساتھ ایک لمبے عرصے کے بعد کرتا ہے جس سے اسے مذہب کا بھی تحفظ ملتا ہے جس سے رشتہ مضبوط ہوتا ہے۔ شادی کے بعد مسائل کی صورت میں گھر کے افراد مدد کر سکتے ہیں اور اتنی جلدی ہمت نہیں ہارتے۔

حکمتوں کا جامع

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

قرآن شریف حکمتوں اور معارف کا جامع ہے اور رطب و یابس فضولیات کا کوئی ذخیرہ اپنے اندر نہیں رکھتا۔ ہر ایک امر کی تفسیر وہ خود کرتا ہے اور ہر ایک قسم کی ضرورتوں کا سامان اس کے اندر موجود ہے۔

(ملفوظات جلد اول ص 52)

(مرسلہ: قائد تعلیم القرآن مجلس انصار اللہ پاکستان)

مکرم رانا مبارک احمد صاحب

تربیت اولاد اور ہماری ذمہ داریاں

تربیت اولاد سے مراد دینی تعلیم کی روشنی میں شروع سے ہی اپنی اولاد کو اخلاق و آداب سکھانا ہے۔ اس میں دینی تعلیم سے آگاہ کرنا۔ آدابِ معیشت۔ آدابِ محفل نماز روزہ کی پابندی۔ آدابِ گفتگو۔ آداب معاشرہ قانون۔ عزت واحترام۔ دیانتداری۔ فرائض کی ادائیگی اور بنی نوع انسان کو فائدہ پہنچانا اور ان سے حسن معاملہ کرنا یہ سب باتیں ایسی ہیں جن کا تعلق تربیت اولاد ہے کسی میں یہ باتیں خود بخود پیدا نہیں ہوسکتیں بلکہ اس کے لئے بہت محنت اور کوشش کی ضرورت ہے اور ساری ذمہ واری والدین، رشتہ داروں، احباب جماعت، جماعتی عہدے داروں اور استادوں کی اولین ذمہ واری ہے حضرت مسیح موعود نے جلسہ سالانہ قادیان 1897ء میں فرمایا۔

دینی علوم کی تحصیل کے لئے طفولیت کا زمانہ بہت ہی مناسب اور موزوں ہے جب داڑھی نکل آئی تب ضرب یضرب یاد کرنے بیٹھے تو کیا خاک ہوگا۔ طفولیت کا حافظہ تیز ہوتا ہے انسانی عمر کے کسی دوسرے حصے میں ایسا حافظہ کبھی بھی نہیں ہوتا مجھے خوب یاد ہے کہ طفولیت کی بعض باتیں تو اب تک یاد ہیں۔ لیکن پندرہ برس پہلے کی اکثر باتیں یاد نہیں اس کی وجہ یہ ہے کہ پہلی عمر میں علم کے نقوش ایسے طور پر اپنی جگہ کر لیتے ہیں اور قویٰ کے نشوونما کی عمر ہونے کے باعث ایسے دلنشین ہوجاتے ہیں کہ پھر ضائع نہیں ہوسکتے۔''

اس سلسلہ میں حضرت مسیح موعود کے بہت سارے زریں ارشادات ملتے ہیں۔ جن میں ذمہ واریوں اور تربیت اولاد کے سلسلہ میں توجہ دلائی ہے۔

فرمایا: اولاد کے لئے اگر خواہش ہو تو اس غرض سے ہو کہ وہ خادم دین ہو۔

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 445)

اولاد کی خواہش صرف نیکی کے اصول پر ہونی چاہئے اس لحاظ سے اور خیال سے نہ ہو کہ وہ ایک گناہ کا خلیفہ باقی رہے۔

(ملفوظات جلد اول ص 562)

اولاد کی خواہش تو لوگ بڑی کرتے ہیں۔ اور اولاد ہوتی بھی ہے مگر یہ کبھی نہیں دیکھا گیا کہ وہ اولاد کی تربیت اور ان کو عمدہ اور نیک چلن بنانے اور خدا تعالیٰ کا فرمانبردار بنانے کی سعی اور فکر کریں۔ نہ کبھی ان کے لئے دعا کرتے ہیں اور نہ مراتب تربیت کو مدنظر رکھتے ہیں۔ (ملفوظات جلد اول صفحہ 562)

میری اپنی تو یہ حالت ہے کہ میری کوئی نماز ایسی نہیں ہے، جس میں میں اپنے دوستوں اور اولاد اور بیوی کے لئے دعا نہیں کرتا۔

(ملفوظات جلد اول صفحہ 562)

ہم تو اپنے بچوں کے لئے دعا کرتے ہیں اور سرسری طور پر قواعد اور آداب تعلیم کی پابندی کراتے ہیں پس اس سے زیادہ نہیں اور پھر اپنا پورا بھروسہ اللہ تعالیٰ پر رکھتے ہیں۔ جیسا کسی میں سعادت کا تخم ہوگا وقت پر سرسبز ہو جائے گا۔

(ملفوظات جلد اول صفحہ نمبر 309)

''جس طرح اور جس قدر سزا دینے میں کوشش کی جاتی ہے کاش دعا میں لگ جائیں اور بچوں کے لئے سوز دل سے دعا کرنے کو ایک حزب مقرر کر لیں اس لئے کہ والدین کی دعا کو بچوں کے حق میں خاص قبول بخشا گیا ہے۔

(ملفوظات جلد اول صفحہ 309)

بہت سے والدین ایسے ہیں جو اپنی اولاد کو بری عادتیں سکھا دیتے ہیں ابتداء میں جب وہ بدی کرنے سیکھنے لگتے ہیں۔ تو ان کو تنبیہ نہیں کرتے نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ دن بدن دلیر اور بے باک ہوتے جاتے ہیں۔ ایک حکایت بیان کرتے ہیں کہ ایک لڑکا اپنے جرائم کی وجہ سے پھانسی پر لٹکایا گیا۔ اس آخری وقت اس نے خواہش کی کہ میں ماں سے ملنا چاہتا ہوں جب اس کی ماں آئی تو اس نے پاس جا کر اسے کہا کہ میں تیری زبان کو چوسنا چاہتا ہوں جب اس نے زبان نکالی تو اسے کاٹ کھایا دریافت کرنے پر اس نے کہا کہ اسی ماں نے مجھے پھانسی پر چڑھایا ہے کیونکہ اگر یہ مجھے پہلے ہی روکتی تو آج میری یہ حالت نہ ہوتی۔

(ملفوظات جلد اول صفحہ 562)

ہدایت اور تربیت حقیقی خدا کا فعل ہے سخت پیچھا کرنا اور ایک امر پر اصرار کو حد سے گزار دینا یعنی بات بات پر بچوں کو روکنا اور ٹوکنا یہ ظاہر کرتا ہے کہ گویا ہم ہی ہدایت کے مالک ہیں اور ہم اس کو اپنی مرضی کے مطابق ایک راہ پر لے آئیں گے یہ ایک قسم کا شرک خفی ہے اس سے ہماری جماعت کو پرہیز کرنا چاہئے۔

(ملفوظات جلد اول صفحہ 309)

پس خود نیک بنو اور اپنی اولاد کے لئے ایک عمدہ نمونہ نیکی اور تقویٰ کا ہو جاؤ اور اس کو متقی اور دیندار بنانے کے لئے سعی اور دعا کرو جس قدر کوشش تم ان کے لئے مال جمع کرنے کی کرتے ہو۔ اسی قدر کوشش اس امر میں کرو۔

(ملفوظات جلد چہارم صفحہ 444)

تربیت اولاد کے متعلق حضرت مصلح موعود کا ایک ارشاد بھی پیش خدمت ہے۔

پس میں احمدی ماؤں کو خصوصیت سے اس امر کی طرف متوجہ کرتا ہوں کہ اپنے ننھے ننھے بچوں میں خدا پرستی کا جذبہ پیدا کرنے کے لئے ہر وقت کوشاں رہیں وہ انہیں لغو اور مخرب اخلاق اور بے سروپا کہانیاں سنانے کی بجائے نتیجہ خیز مفید اور دیندار بنانے والے قصے سنائیں ان کے سامنے ہرگز کوئی ایسی بات یا حرکت نہ کریں۔ جس سے کسی بدخلقی کے پیدا ہونے کا اندیشہ ہو بچہ اگر نادانی سے کوئی بات خلاف مذہب (۔) کہتا ہے یا کرتا ہے تو اسے فوراً روکا جائے اور ہر وقت اس بات کی کوشش کریں کہ اللہ تعالیٰ کی محبت ان کے قلب میں جاگزیں ہو............ اپنے بچوں کو کبھی آوارہ نہ پھرنے دو۔ ان کو آزاد نہ ہونے دو کہ وہ حدود اللہ کو توڑنے لگیں ان کے کاموں کو ایک انضباط کے اندر رکھو اور ہر وقت نگرانی رکھو۔

(الفضل 10 ستمبر 1913ء)

اولاد کی تربیت کے سلسلہ میں مورخہ 14 نومبر 2008ء بمقام بیت الفتوح مورڈن لندن کو سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔

حضور انور نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کریم میں مختلف حوالوں سے صفت وہاب کا استعمال فرمایا ہے۔ انبیاء اور نیک لوگوں پر اپنی عطاؤں کا بھی ذکر فرمایا ہے اور اپنی صفت کے حوالے سے دعاؤں کی طرف بھی توجہ دلائی ہے۔ جس میں نیک اولاد کے لئے بھی دعائیں ہیں۔ معاشرے کی نیکی کے لئے دعائیں ہیں۔ تقویٰ میں بڑھنے اور ایمان میں مضبوطی کے لئے بھی دعائیں ہیں۔

حضور انور نے قرآنی دعا کہ اے ہمارے رب ہمیں اپنے جیون ساتھیوں اور اپنی اولاد سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا کر اور ہمیں متقیوں کا امام بنا کے حوالے سے فرمایا کہ یہ ایک جامع دعا ہے۔ جس میں اللہ تعالیٰ کے ان لامحدود فضلوں کی دعا مانگی گئی ہے۔ جس کا انسان احاطہ نہیں کرسکتا نہ صرف اس دنیا میں نیکیوں پر قدم مار کر میاں بیوی اور اولاد ایک دوسرے کی آنکھوں کی ٹھنڈک بنتے ہیں بلکہ مرنے کے بعد بھی ان نیکیوں کی وجہ سے جو انسان دنیا میں کرتا ہے اللہ تعالیٰ اپنے انعام سے نوازتا ہے واجعلنا للمتقين اماما کہہ کر یہ بتا دیا کہ آنکھوں کی ٹھنڈک تبھی ہوسکتی ہے کہ جب تم بھی تقویٰ پر چلنے والے ہو گے اور تمہاری اولادیں بھی۔ پس جائزہ لینے کی ضرورت ہے کہ اس دعا کے ساتھ ہم آپس میں حقوق کی ادائیگی کے لئے تقویٰ پر چل رہے ہیں۔

اس خطبہ میں حضور انور نے فرمایا کہ بعض دفعہ لڑکیاں لڑکوں کی نسبت زیادہ ماں باپ کی خدمت کرنے والی ہوتی ہیں اور نیک ہوتی ہیں اور ماں باپ کے لئے نیک نامی کا باعث بنتی ہیں جبکہ لڑکے بعض اوقات بدنامی اور پریشانی کا باعث بن رہے ہوتے ہیں۔ پس مومن کی یہی نشانی ہے کہ وہ خدا تعالیٰ سے نیک اور صالح اولاد مانگے۔ حضرت مسیح موعود صالح کی تعریف میں فرماتے ہیں کہ صالحین کے اندر کسی قسم کی روحانی مرض نہیں ہوتی اور کوئی مادہ فساد کا نہیں ہوتا۔

پس یہ معیار ہے جس کے حصول کے لئے ہمیں اپنی اولاد کے لئے دعا مانگنی چاہئے اور خود بھی اس پر چلنے کی کوشش کرنی چاہئے پس اس معیار کو حاصل کرنے اور اس پر عمل کرنے کی ضرورت ہے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو اس کی توفیق عطا فرمائے۔

سیدنا حضرت مسیح موعود ساری زندگی اپنی اولاد کے حق میں اللہ تعالیٰ کے حضور عاجزانہ دعاؤں میں مصروف رہے حضور کی بعض دعاؤں کا ذکر آپ کی منظومات میں بھی ملتا ہے۔ اس جگہ بطور نمونہ حضرت مسیح موعود کے چند دعائیہ اشعار درج کئے جاتے ہیں۔

مرے مولیٰ مری یہ اک دعا ہے
تری درگاہ میں عجز و بکا ہے
وہ دے مجھ کو جو اس دل میں بھرا ہے
زباں چلتی نہیں شرم و حیا ہے
مری اولاد جو تیری عطا ہے
ہر اک کو دیکھ لوں وہ پارسا ہے
تری قدرت کے آگے روک کیا ہے
وہ سب دے ان کو جو مجھ کو دیا ہے

(درثمین)

اللہ تعالیٰ ہمیں اولاد کی تربیت کی ذمہ داری کو پورا کرنے کی توفیق دے تاکہ آنے والی نسلوں کے ذریعہ خلافت کے ساتھ چمٹی رہے۔

پاک غذائیں

حضرت مصلح موعود فرماتے ہیں:-

حضرت خلیفہ اول ایک دفعہ درس دے کر (بیت) اقصیٰ سے واپس تشریف لا رہے تھے کہ راستہ میں ایک ہندو جو ریٹائرڈ ڈپٹی تھا اور جس کا مکان بعد میں صدر انجمن احمدیہ کے دفاتر کے لئے خرید لیا گیا تھا۔ بڑے ادب کے ساتھ کھڑا ہو گیا اور کہنے لگا۔ مولوی صاحب میں نے ایک بات پوچھنی ہے آپ خفا تو نہیں ہونگے۔ آپ نے فرمایا مجھے خفا ہونے کی کیا ضرورت ہے۔ آپ شوق سے دریافت فرمائیں۔ وہ کہنے لگا میں نے سنا ہے کہ مرزا صاحب مشک اور عنبر اور بادام روغن اور پلاؤ وغیرہ بھی کھا لیتے ہیں۔ کیا یہ ٹھیک ہے؟ آپ نے فرمایا ہاں ٹھیک ہے وہ یہ غیر متوقع جواب سن کر سخت حیران ہوا۔ اور کہنے لگا کیا فقیروں کے لئے بھی یہ چیزیں جائز ہیں؟ آپ نے فرمایا ہاں ہمارے مذہب میں فقراء کے لئے بھی پاک چیزیں کھانے کا حکم ہے۔ اس جواب سے وہ سخت حیران ہوا اور اچھا کہہ کر چلا گیا۔ یہ تو حضرت خلیفہ اول کا واقعہ ہے جو تہذیب اور شرافت سے بات کرنے کے عادی تھے۔ ہمارے ایک دوست جو تیز زبان تھے اور امرتسر کے رہنے والے تھے ان کو کوئی ہندو مجسٹریٹ مل گیا۔ اور کہنے لگا کیا ہے تمہارا مرزا! تم کہتے ہو وہ خدا کا مامور ہے اور یہ ہے اور وہ ہے ہم نے تو سنا ہے کہ وہ بادام اور پستہ اور مرغ سب چیزیں کھا لیتا ہے۔ وہ کہنے لگے آپ مرزا صاحب کو چڑانے کے لئے پاخانہ کھایا کریں مجھے اس پر کیا اعتراض ہو سکتا ہے۔

(تفسیر کبیر جلد ششم ص 450)

وصایا

ضروری نوٹ

مندرجہ ذیل وصایا مجلس کارپرداز کی منظوری سے قبل اس لئے شائع کی جارہی ہیں کہ اگر کسی شخص کو ان وصایا میں سے کسی کے متعلق کسی جہت سے کوئی اعتراض ہو تو **دفتر بہشتی مقبرہ** کو پندرہ یوم کے اندر اندر تحریری طور پر ضروری تفصیل سے آگاہ فرمائیں۔

سیکرٹری مجلس کارپرداز۔ ربوہ

مسل نمبر 94649 میں وقاص احمد

ولد خلیل احمد قوم راجپوت پیشہ ...... عمر 21 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالفضل کنری ضلع عمرکوٹ بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 13-12-08 میں وصیت کرتا ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/600 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتا رہوں گا۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتا رہوں گا۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ العبد۔ وقاص احمد۔ گواہ شد نمبر 1 بہادر علی وصیت نمبر 51410۔ گواہ شد نمبر 2 فاروق سہیل

مسل نمبر 94650 میں مظفرہ قدیر

زوجہ عبدالقدیر قوم راجپوت بھٹی پیشہ خانہ داری عمر 32 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن دارالفضل کنری ضلع عمرکوٹ بقائمی ہوش و حواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 11-12-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کی تفصیل حسب ذیل ہے جس کی موجودہ قیمت درج کر دی گئی ہے (1) حق مہر بذمہ خاوند -/36000 روپے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/500 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ ۔ مظفرہ قدیر۔ گواہ شد نمبر 1 بہادر علی چوہان وصیت نمبر 51410۔ گواہ شد نمبر 2 عبدالقدیر بھٹی

مسل نمبر 94651 میں مدیحہ کائنات

بنت رانا داؤد احمد قوم راجپوت پیشہ طالب علم عمر 18 سال بیعت پیدائشی احمدی ساکن احمدیہ بیت الفضل کنری ضلع میرپورخاص بقائمی ہوش وحواس بلا جبر واکراہ آج بتاریخ 29-10-08 میں وصیت کرتی ہوں کہ میری وفات پر میری کل متروکہ جائیداد منقولہ و غیر منقولہ کے 1/10 حصّہ کی مالک صدرانجمن احمدیہ پاکستان ربوہ ہوگی اس وقت میری کل جائیداد منقولہ وغیر منقولہ کوئی نہیں ہے۔ اس وقت مجھے مبلغ -/300 روپے ماہوار بصورت جیب خرچ مل رہے ہیں۔ میں تازیست اپنی ماہوار آمد کا جو بھی ہوگی 1/10 حصّہ داخل صدرانجمن احمدیہ کرتی رہوں گی۔ اور اگر اس کے بعد کوئی جائیداد یا آمد پیدا کروں تو اس کی اطلاع مجلس کارپرداز کو کرتی رہوں گی۔ اور اس پر بھی وصیت حاوی ہوگی۔ میری یہ وصیت تاریخ تحریر سے منظور فرمائی جاوے۔ الامتہ۔ مدیحہ کائنات گواہ شد نمبر 1 بہادر علی چوہان وصیت نمبر 51410۔ گواہ شد نمبر 2 عبدالواحد قمر وصیت نمبر 48602

مسل نمبر 94652 میں باسل احمد

